224366- جمرہ اولی کو آخری دن غروب آفتاب سے پہلے کنکریاں ماریں، توکیا رمی مکمل کرلے؟

سوال

سوال : جمرہ اولی کو آخری دن غروب آفتاب سے پہلے کنکریاں ماریں، اوراس کے بعد سورج غروب ہوگیا، توکیا میں بقیہ رمی مکمل کروں؟ غروب شمس سے پہلے ایک رکعت پالینے والے شخص پر قیاس کرتے ہوئے؟

پسندیدہ جواب

جس شخص نے آخری دن یعنی 13 ذوالحجہ کو غروب آفتاب سے پہلے تمام
جمرات کو کنکریاں نہیں ماریں تو اس کے ذمہ دم ہے جو کہ مکہ میں ذبح کیا جائے گا،
کیونکہ اس نے ایک واجب ترک کردیا۔

میں نے یہ سوال اپنے شیخ عبدالرحمن البراک حفظہ اللہ کے سامنے پیش
کیا تو انہوں نے کہا:
"13 تاریخ کو سورج غروب ہونے رمی کا وقت ختم ہوگیا ہے، اور جس شخص نے تمام جمرات
کو غروب شمس سے پہلے کنکریاں نہیں ماریں تو اس کی رمی رہ گئی ہے، اوراس عمل کو
نماز پر قیاس نہیں کیا جاسکتا"

واللہ اعلم.